<u>الیکشن کمیشن آف پاکستان</u>

(شعبہ تعلقات عامہ)

<u>پریس ریلیز</u>

مورخہ 2مارچ ،2018ء

سیکرٹری الیکشن کمیشن کی صدارت میں الیکشن کمیشن میں آج اہم اجلاس ہوا جس میں 3 مارچ 2018ء کو ہونے والے سینٹ انتخابات کے حوالے سے تفصیلی بات چیت ہوئی اور تمام انتظامات کو مکمل کر دیا گیا۔

اسلام آباد کے لئے 2 نشستوں پر 5 امیدوار، پنجاب کی 12 نشستوں پر 20 امیدواران، سندھ کی 12 نشستوں پر 33 امیدواران، خیبر پختونخواہ کی 11 نشستوں کے لئے 26 امیدواران، بلوچستان کی 11 نشستوں کے لئے 23 امیدواران اور فاٹا کی 4 نشستوں کے لئے 24 امیدواران مقابلے میں ہیں۔ پنجاب کے لئے 1600 بیلٹ پیپر، سندھ کے لئے 800، خیبر پختونخواہ کے لئے 600، بلوچستان کے لئے 300، اسلام آباد کے لئے 800 اور فاٹا کے لئے 50 بیلٹ پیپر کی چھپائی کا کام مکمل ہو گیا ہے۔ اور متعلقہ ریٹرننگ آفیسرز کے حوالے کر دیئے گئے ہیں۔ سکیورٹی کے حوالے سے رینجر اور ایف۔ سی کو چاروں صوبائی اسمبلیوں اور پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر تعینات کر دیا گیا ہے۔ پولنگ کا آغاز صبح 9 بجے ہو گا اور بغیر کسی وقفے کے 4 بجے تک جاری رہے گا۔ ووٹ کی رازداری کو یقینی بنانے اور کسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے الیکشن کمیشن نے تمام ریٹرننگ افسران کو مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات بھی تفویض کر دیئے ہیں ۔الیکشن کمیشن کی جانب سے خصوصی ہدایات تمام ووٹران کو جاری کر دی گئیں ہیں کہ وہ اپنے موبائل فون پولنگ سٹیشن کے اندار نہ لائیں۔ اس ضمن میں چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا کی صدارت میں 28 فروری کو اجلاس منعقد ہوا تھا جس میں ریٹرننگ افسران کو خصوصی ہدایات جاری کیں تھیں کہ وہ ووٹ کے تقدس اور رازداری کو یقینی بنانے کے لئے موثر اقدامات کریں۔ غیر حتمی رزلٹ 3 مارچ کی شام کو ریٹرننگ افسران جاری کر دیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆